# سورۃ النجم

سوال:۔ اللہ پاک کی قدرت اور اس کی شان میں سے کوئی تین باتیں بیان کیجیے؟

جواب:۔ ① آسمان اور زمین میں جو کچھ ہے وہ اللہ تعالیٰ کی ملکیت ہے۔
② اللہ تعالیٰ زندگی اور موت دیتا ہے۔
③ اللہ تعالیٰ نے دو جوڑے بنائے نر اور مادہ۔

سوال:۔ سورۃ نجم کی ابتداء میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت کا کون سا واقعہ بیان ہوا ہے؟

جواب:۔ واقعۂ معراج کا کچھ حصہ بیان کیا گیا۔

سوال:۔ اس سورت میں کس قوم کو دوسری قوموں سے زیادہ ظالم اور سرکش کہا گیا؟

جواب:۔ حضرت نوح علیہ السلام کی قوم۔

# سُورَۃُ القَمَر

سوال ۱۔ قمر کا معنی کیا ہے اور اس سورت کو "سورۃ قمر" کیوں کہتے ہیں؟

جواب ۱۔ قمر کا معنی ہے (چاند)۔ اس سورت کی پہلی آیت میں چاند کے پھٹ جانے کا بیان ہے اس مناسبت سے اس سورت کو سورۃ قمر کہتے ہیں۔

سوال ۲۔ قرآن کریم نے گزشتہ قوموں کی ہلاکت کے واقعات کیوں بیان کیے ہیں؟

جواب ۲۔ قرآن کریم میں گزشتہ قوموں کی ہلاکت کے واقعات نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تسلی کے لیئے بیان کیا گیا۔

سوال ۳۔ اللہ پاک کا حکم کتنی جلدی واقع ہوتا ہے اس کی کیا مثال بیان کی گئی ہے؟

جواب ۳۔ اللہ تعالیٰ کا حکم اتنی جلدی واقع ہوتا ہے جیسے آنکھ کا جھپکنا۔

# سُورَۃُ الرَّحْمٰن

سوال ۱:۔ سورۃ رحمٰن میں آیت "فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ" کتنی مرتبہ آئی ہے اور اس کا ترجمہ کیا ہے؟

جواب:۔ ۳۱ مرتبہ (تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے۔

سوال ۲:۔ سورۃ رحمٰن کی آیت نمبر ۹ میں کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے؟

جواب:۔ وزن کو انصاف کے ساتھ قائم رکھو اور وزن میں کمی نہ کرو۔

سوال ۳:۔ انسانوں اور جنات کو کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے؟

جواب:۔ انسانوں کو ٹھیکری جیسی بجنے والی مٹی سے پیدا کیا اور جنات کو بغیر دھوئیں والے شعلے سے پیدا کیا گیا۔

CS CamScanner

سوال ۶:۔ قیامت کے دن مجرم کس طرح پہچانے جائیں گے؟

جواب:۔ قیامت کے دن مجرم اپنی نشانیوں سے پہچانے جائیں گے۔

CamScanner

# سُورَۃُ الوَاقِعَۃ

سوال 1: اس سورت میں حساب کے وقت لوگوں کی تین قسمیں بیان ہوئی ہیں وہ کون سی ہیں؟

جواب: ① دائیں طرف والے ② بائیں طرف والے ③ سبقت کرنے والے۔

سوال 2: سیدھی جانب والوں سے کون لوگ مراد ہیں؟

جواب: جنتی لوگ مراد ہیں۔

سوال 3: سبقت کرنے والوں کی کیا جزا بیان کی گئی ہے؟

جواب: سبقت کرنے والوں کی جزا یہ بیان کی گئی ہے
① اللہ کے قریب ہوں گے
② نعمتوں کے باغوں میں ہوں گے
③ پہلے لوگوں میں سے ایک گروہ ہوگا۔

CS CamScanner

سوال ۶: سورۃ واقعہ میں الٹی جانب والوں کے لئے کیا کیا عذابات بیان کئے گئے ہیں؟

جواب: ① شدید گرم ہوا اور کھولتا پانی
② شدید سیاہ دھوئیں کے سائے میں ہوں گے۔

سوال ۵: سورۃ واقعہ کی آیت نمبر 73 میں آگ کے کتنے اور کون سے فائدے بیان کئے گئے ہیں؟

جواب: ① ہم نے اُسے یادگار بنایا
② جنگل میں سفر کرنے والے کو نفع بخش بنایا۔

CS CamScanner

# سورۃ الحدید

سوال 1:۔ سورۃ حدید کی آیت نمبر 3 میں اللہ تعالیٰ کی کونسی صفات بیان کی گئی ہیں؟

جواب:۔ وہی اول ہے اور آخر ظاہر باطن ہے اور وہی ہر شے کو جاننے والا ہے۔

سوال 2:۔ سورۃ حدید کی آیت نمبر 14 میں منافقین کی کتنی اور کون کونسی صفات بیان ہوئی ہیں؟

جواب:۔ 4 صفات بیان کی گئی ہیں۔
1. اپنی جانوں کو فتنے میں ڈالنا۔
2. مسلمانوں کے نقصان کے انتظار میں رہنا۔
3. شک میں پڑے رہنا۔
4. جھوٹی خواہشات کے دھوکے میں رہنا۔

سوال 3:۔ سورۃ حدید میں دنیاوی زندگی کی کیا حقیقت بیان ہوئی ہے؟

جواب:۔ بیشک دنیاوی زندگی کھیل ہے اور تماشہ ہے زینت ہے اور اپنے درمیان فخر کرنا ہے اور مال و اولاد میں ایک دوسرے پر زیادتی چاہنا ہے۔

CamScanner

سوال ۶: لڈو کے فوائد تحریر کیجیے -

جواب: لڈو میں سخت لڑائی کا سامان ہے اور لوگوں کے لیے اس میں فائدے ہیں۔

CamScanner

# سُورَۃُ المُجَادَلَۃ

سوال ۱:- "مجادلہ" کا مطلب بیان کیجئے؟

جواب:- بحث و تکرار کرنے والی عورت کو عربی میں مجادلہ کہتے ہیں۔

سوال ۲:- بندوں کے اعمال کے بارے میں سورۃ مجادلہ میں کیا فرمایا گیا ہے؟

جواب:- اللہ تعالیٰ بندوں کو اعمال کی خبر دیگا قیامت کے دن اور اللہ پاک نے ان کے اعمال کو گن رکھا ہے۔

سوال ۳:- ظہار کے مسئلے میں رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے گفتگو کرنے والی عورت کون تھیں؟

جواب:- وہ عورت حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا تھی

سوال ۶:۔ جھوٹی قسموں کو اپنی ڈھال بنانے والوں کا کیا انجام ہوگا؟

جواب:۔ جھوٹی قسموں کو اپنی ڈھال بنانے والوں کو رسوا کر دینے والا عذاب ملے گا۔

CamScanner

# سورۃ الحشر

سوال 1: بنو نضیر کے یہودیوں کو جلاوطن کیوں کیا گیا؟

جواب: کیونکہ یہودیوں نے معاہدے کی خلاف ورزی کی اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو شہید کرنے کی سازش کی اس لیے ان کو مدینے سے نکالا گیا۔

سوال 2: کیا جنتی اور جہنمی برابر ہیں؟

جواب: جنتی اور جہنمی برابر نہیں ہیں۔

سوال 3: سورۃ حشر کی آیت 21 میں قرآن پاک کی عظمت کے بارے میں کیا فرمایا گیا ہے؟

جواب: اگر ہم قرآن کو پہاڑ پر اتارتے تو ضرور تم اسے دیکھتے جھکا ہوا اور اللہ کے خوف سے پاش پاش۔

CamScanner

سوال ۴ ۔ سورۃ حشر کی آخری تین آیات پڑھنے کی کیا فضیلت ہے؟

جواب ۔ جس نے صبح کے وقت تین مرتبہ
"اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ"
کہا اور سورۃ حشر کی آخری تین آیات کی تلاوت
کی تو اللہ پاک 70 ہزار فرشتے
مقرر کر دیتا ہے جو شام تک اس کے لئے
دعائے مغفرت کرتے رہتے ہیں اور اگر اسی
دن انتقال کر جائے تو شہید کی موت مرے
گا اور جو شام کے وقت اسے پڑھے تو اس
کا بھی یہی مرتبہ ہے۔

# سورۃ الممتحنۃ

سوال ۱: سورۃ ممتحنہ کا مرکزی مضمون کیا ہے؟

جواب: سورۃ ممتحنہ کا مرکزی مضمون یہ ہے اس میں مسلمانوں سے معاہدہ کرنے والے اور جنگ نہ کرنے والے مشرکین کے احکام بیان کئے گئے ہیں۔

سوال ۲: مسلمانوں کو کافروں کے ساتھ دوستی کرنے اور محبت رکھنے سے کیوں منع کیا گیا ہے؟

ج: کیونکہ جبھی کافروں کو موقعہ ملے گا تو وہ مسلمانوں کو نقصان پہنچانے میں کمی نہیں کریں گے۔

سوال ۳: کیا کافر قیامت کے دن کسی کے کام آئیں گے؟

ج: کافر قیامت کے دن کسی کے کام نہیں آئیں گے۔

CS CamScanner

سوال نمبر ۶۔ دین کے معاملے میں رشتے داروں کے ساتھ مسلمانوں کو کن کے طریقے کی پیروی کرنے کا کہا گیا ہے؟

ج۔ دین کے معاملے میں رشتے داروں کے ساتھ مسلمانوں کو حضرت ابراہیم علیہ السلام اور ان کے ساتھیوں کے طریقے کی پیروی کرنے کا کہا گیا ہے۔

# سُورَۃُ الصَّف

سوال 1:۔ حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کی نسبت ان کی والدہ کی طرف کی گئی باپ کی طرف کیوں نہیں؟

ج:۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ پاک نے بغیر باپ کے پیدا کیا اس لیے آپ کی نسبت آپ کی والدہ کی طرف کی جاتی ہے۔

سوال 2:۔ "کفار و مشرکین اللہ پاک کے نور کو بجھانا چاہتے ہیں" اس سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ یعنی ان کا ارادہ یہ ہے کہ قرآن پاک کو جادو بتا کر اسلام کو باطل کر دیں۔

سوال 3:۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کس قوم کے نبی تھے؟

ج:۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کی قوم کے نبی تھے۔

CS CamScanner

# سُورَۃُ الجُمُعَۃ

سوال ۱:۔ سورۂ جمعہ کا مرکزی مضمون کیا ہے؟

ج:۔ اس سورت کا مرکزی مضمون "نمازِ جمعہ کا حکم" ہے۔

سوال ۲:۔ کیا صرف انسان ہی اللہ پاک کا ذکر کرتے ہیں؟

ج:۔ صرف انسان ہی اللہ پاک کا ذکر نہیں کرتے جو چیزیں آسمان و زمین میں ہیں وہ اللہ پاک کا ذکر کرتین ہیں۔

سوال ۳:۔ سورۂ جمعہ میں رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کون سے اوصاف بیان ہوئے ہیں؟

ج: (1) اللہ کی آیتیں تلاوت کرتے ہیں۔
(2) لوگوں کو پاک کرتے ہیں۔
(3) لوگوں کو کتاب اور حکمت سکھاتے ہیں۔

CS CamScanner

سوال۶:۔ جمعہ کے دن پہلی اذان ہونے کے بعد خرید و فروخت کرنا کیسا؟

ج:۔ جمعہ کے دن پہلی اذان ہونے کے بعد خرید و فروخت کرنا جائز نہیں ہے۔

CamScanner

# سُورَةُ الْمُنٰفِقُوْن

سوال 1:۔ سورۂ منافقون کی روشنی میں بتائیے کہ عزت کس کے لئے ہے؟

جواب:۔ اللہ پاک اور اسکے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور ایمان والوں کیلئے عزت ہے۔

سوال 2:۔ سورۂ منافقون میں مال اور اولاد کے متعلق ایمان والوں کو کیا نصیحت کی گئی ہے؟

ج:۔ اے ایمان والو تم کو تمہارے مال اور اولاد غافل نہ کرے اللہ پاک کے ذکر سے اور جو اس طرح کرے گا وہ نقصان اٹھانے والا ہوگا۔

سوال 3:۔ اگر موت کا وقت آجائے تو کیا اسے ٹالا جاسکتا ہے؟

ج:۔ اگر موت کا وقت آجائے تو اسے نہیں ٹالا جاسکتا۔

CS CamScanner

# سورۃ التغابن

سوال ۱: سورۃ تغابن کی پہلی آیت میں اللہ پاک کی کیا شان بیان ہوئی ہے؟

ج: ① زمین و آسمان کی ہر چیز اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتی ہے۔
② اللہ تعالیٰ کے لیئے ہی بادشاہت ہے اور تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیئے۔
③ اللہ تعالیٰ ہر شے پر قادر ہے۔

سوال ۲: تمام مخلوق میں سب سے اچھی صورت کس کی بنائی گئی ہے؟

ج: تمام مخلوق میں سب سے اچھی صورت انسان کی بنائی گئی ہے۔

سوال ۳: کیا مال اور اولاد بھی آخرت کی بربادی کا سبب بنتے ہیں؟

ج: جی ہاں، مال اور اولاد بھی آخرت کی بربادی کا سبب بنتے ہیں اگر مال کو اللہ کی نافرمانی میں خرچ کیا جائے اور اولاد کی شریعت کے مطابق تربیت نہ کی جائے۔

CS CamScanner

# سورۃ الطلاق

سوال ۱:۔ "رجوع" سے کیا مراد ہے؟

ج:۔ عدت کے دوران شوہر کا بیوی کو واپس اپنے نکاح میں لے لینا یعنی طلاق رجعی کے بعد نکاح برقرار رکھنا۔

سوال ۲:۔ حاملہ عورت کی عدت کیا بیان ہوئی ہے؟

ج:۔ بچہ جننے تک۔

سوال ۳:۔ سورۃ طلاق میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کیا شان بیان ہوئی ہے؟

ج:۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اللہ پاک کی آیتوں کی تلاوت کرتے ہیں لوگوں پر تاکہ ایمان والوں کو اندھیروں سے روشنی کی طرف نکلیں۔

# سُورَۃُ التَّحرِیم

سوال ۱: توبۃُ النَّصُوح کسے کہتے ہیں؟

ج ۱: سچی توبہ کو توبۃُ النَّصُوح کہتے ہیں۔

سوال ۲: کیا اللہ پاک کے علاوہ بھی کوئی کسی کی مدد کر سکتا ہے؟

ج ۲: اللہ پاک کی اجازت سے اس کے بندے بھی مدد کرتے ہیں۔

سوال ۳: سورۃُ تحریم کی آیت نمبر ۶ میں ایمان والوں کو کیا حکم دیا گیا ہے؟

ج ۳: مسلمانوں کو یہ حکم دیا گیا ہے کہ وہ اپنی جانوں کو اور اپنے گھر والوں کو اُس آگ سے بچائیں جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہیں۔

# سورۃ الملک

سوال ۱: آیت نمبر ۲ میں عمل کے احسن ہونے سے کیا مراد ہے؟

ج: عمل کے احسن ہونے سے مراد یہ ہے کہ وہ عمل ~~شعر~~ شریعت کے بیان کردہ طریقہ کے مطابق ہو۔

سوال ۲: سورہ ملک کی روشنی میں ستاروں کے فوائد تحریر کیجیے۔

ج: ① نیچے کے آسمان کو زینت دینا۔
② شیطانوں کے مار بھگانے کا ذریعہ ہے۔

سوال ۳: پرندوں کو اڑنے کی طاقت کس نے عطا کی؟ آیت ۱۹ کی روشنی میں بتائیے۔

ج: پرندوں کو اڑنے کی طاقت اللہ تعالیٰ نے دی ہے۔

CS CamScanner

# سُورَۃُ القَلَم

سوال ۱۔ مداہنت کیا ہے؟

ج ۔ دنیا کی خاطر دین سے احکام میں خلاف شرع نرمی برتنا مُداہنت ہے۔

سوال ۲۔ "حلّاف" کسے کہتے ہیں اور بہت زیادہ قسمیں کھانا کس کی صفت ہے؟

ج ۔ جو شخص بہت زیادہ قسمیں کھاتا ہو اسے حلّاف کہتے ہیں۔ اور بہت زیادہ قسمیں کھانا برے شخص کی صفت ہے۔

سوال ۳۔ سورۂ قلم کی آیت نمبر 12 میں کافر کے کتنے اور کون کون سے عیب بیان ہوئے ہیں؟

ج ۔ سورۂ قلم کی آیت نمبر 12 میں کافر کے 9 عیب بیان کیے گئے ہیں۔

1. بہت زیادہ قسمیں کھانے والا۔
2. ذلیل
3. بہت طعنے دینے والا

④ چغل خور
⑤ بھلائی سے روکنے والا
⑥ حد سے بڑھنے والا
⑦ گناہ گار
⑧ سخت مزاج والا
⑨ ناجائز پیداوار۔

سوال ۶:۔ کیا کافر اور مسلمان برابر ہیں؟
جواب:۔ جی نہیں کافر اور مسلمان برابر نہیں ہو سکتے۔

سوال ۷:۔ نافرمانیوں کے باوجود دنیاوی نعمتیں ملتی رہنا کیسا؟

جواب:۔ نافرمانیوں کے باوجود دنیاوی نعمتیں ملنا اچھا نہیں۔

CS CamScanner

# سُورَۃُ الحَاقَّۃ

س1۔ اس سورت کا نام "حاقہ" کیوں رکھا گیا؟

ج۔ حاقہ کا معنی ہے یقینی طور پر واقع ہونے والی چونکہ اس سورت کو اسی نام سے سوال کے ساتھ شروع کیا گیا ہے اس لیے اسے سورۃ حاقہ کہتے ہیں۔

س2۔ سورۃ حاقہ میں کن دو قوموں کا ذکر ہے اور وہ کس طرح ہلاک ہوئیں؟

ج۔ وہ دو قومیں عاد اور ثمود ہیں۔ قوم ثمود کو حد سے گزری ہوئی چنگھاڑ سے ہلاک کیا گیا اور قوم عاد کو نہایت سخت گرجتی آندھی سے ہلاک کیا گیا۔

س3۔ قوم عاد پر کس طرح عذاب آیا تھا؟

ج۔ قوم عاد کو نہایت سخت گرجتی آندھی سے ہلاک کیا گیا۔

سوال 6: قیامت کے دن عرش الٰہی کو کتنے فرشتے اٹھائے ہوئے ہوں گے؟

ج قیامت کے دن عرش الٰہی کو 8 فرشتے اٹھائے ہوئے ہوں گے۔

س 7: کیا قیامت کے دن مال و دولت کام آئے گا؟

ج: قیامت کے دن مال و دولت کام نہیں آئے گا۔

CamScanner

# سورۃ المعارج

سوال 1:۔ کیا مومن اور کافر دونوں کو قیامت کا دن پچاس ہزار سال کا لگے گا؟

ج:۔ مومن اور کافر دونوں کو قیامت کا دن پچاس ہزار سال کا نہیں لگے گا۔

سوال 2:۔ کیا کوئی کافر کچھ دے کر عذاب سے بچ سکے گا؟

ج:۔ نہیں، کافر کچھ دے کر عذاب سے بچ نہیں سکے گا۔

سوال 3:۔ سورۃ معارج میں کتنے اعلیٰ اوصاف کا ذکر آیا ہے؟

ج:۔ سورۃ معارج میں 8 اعلیٰ اوصاف کا ذکر ہے۔

CS CamScanner

# سورۃ نوح

سوال ۱: حضرت نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کو کس چیز سے ڈرایا اور کیا حکم دیا؟

ج: حضرت نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کو دردناک عذاب سے ڈرایا اور اللہ پاک کی عبادت کا حکم دیا۔

سوال ۲: حضرت نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کو کس انداز میں تبلیغ فرمائی؟

ج: حضرت نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کو دن اور رات میں آہستہ اور اعلانیہ تبلیغ فرمائی۔

سوال ۳: حضرت نوح علیہ السلام نے ایمان والوں اور کافروں کیلئے کیا دعا فرمائی؟

ج: حضرت نوح علیہ السلام نے کافروں کیلئے یہ دعا کی کہ اے میرے رب تو کافروں کو زمین پر کوئی بسنے والا نہ چھوڑ اور مسلمانوں کیلئے مغفرت کی دعا کی۔

CamScanner

اول ششماہی

مکمل

الحمدللہ